**16.12.2024**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

.............................................................................

☆ بھارت اور سری لنکا نے آمدنی میں ٹیکسوں سے متعلق دوہرے ٹیکس سے بچنے اور ٹیکس چوری کی روک تھام کیلئے سمجھوتے میں ترمیم کے پروٹوکول کا تبادلہ کیا ہے۔

☆ سری لنکا کے صدر انورا کمارا دِسّانائیکے نے وزیر اعظم نریندر مودی کو یقین دلایا ہے کہ وہ اپنی سرزمین کو بھارت مخالف کارروائی کیلئے استعمال نہیں ہونے دیں گے۔

☆ راجیہ سبھا میں بھارتی آئین کے 75 سالہ شاندار سفر پر بحث ہوئی۔ لوک سبھا میں موجودہ مالی سال کیلئے ضمنی مطالبات زر کے پہلی قسط پر تبادلہ خیال ہوا۔

☆ 1971 کی جنگ میں پاکستان پر بھارت کی جیت کی یاد میں آج ملک بھر میں وجے دِوَس منایا گیا۔

☆ وسطی جنوبی خلیج بنگال پر ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بن گیا ہے۔ بھارتی محکمہ موسمیات نے اگلے دو سے تین دنوں میں تمل ناڈو اور ساحلی آندھراپردیش میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

.............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Rev. Prez Srilanka India***

بھارت اور سری لنکا نے آج دوہرے ٹیکس سے بچنے اور مالی ٹیکس چوری کی روک تھام کیلئے دونوں ملکوں کے درمیان سمجھوتے میں ترمیم کیلئے پروٹوکول کا تبادلہ کیا ہے۔ دونوں ملکوں نے سری لنکا کے نوکرشاہوں کی صلاحیت سازی اور ٹریننگ کیلئے بھی مفاہمت نامے کا تبادلہ کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور دورے پر آئے ہوئے سری لنکا کے صدر انورا کمارا دِسّانائیکے کے درمیان نئی دلّی میں باہمی بات چیت کے بعد اِن مفاہمت ناموں کا تبادلہ ہوا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی مفاد کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ اِس موقع پر Maho-Anuradhapura سیکشن میں سگنل پروجیکٹ کیلئے 14 اعشاریہ نو ملین ڈالر کے امدادی تعاون کا بھی اعلان کیا گیا۔ یونیورسٹی آف جافنا اور ایسٹر یونیورسٹی کے سو - سو نئے طلبا کیلئے سالانہ مالی تعاون اسکیم کا بھی اعلان کیا گیا، جو مستفیدین کے کورس کی تکمیل تک کیلئے ہوگا۔ دونوں رہنما قیادت اور وزارتی سطحوں پر سیاسی تبادلوں کو تیز کرنے پر بھی رضامند ہوئے۔اپنے پریس کانفرنس میں وزیر اعظم مودی نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ جناب دِسّانائیکے نے صدر کے طور پر اپنے پہلے

غیرملکی دورے کیلئے بھارت کا انتخاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ دونوں ملکوں نے ماہی گیروں کی گذر بسر سے متعلق معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

S/B 2100 PM Fishermen Tamil

جناب دِسّانائیکے نے اپنے بیان میں کہا کہ انھوں نے بھارت کے وزیر اعظم کو یقین دلایا ہے کہ وہ سری لنکا کی سرزمین کو ایسی کارروائی کیلئے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دے گا جو بھارت کے مفاد کے خلاف ہے۔

S/B 2100 Sri Lanka Prez Land Interests

بعد میں میڈیا کو معلومات فراہم کرتے ہوئے خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا کہ عہدہ سنبھالنے کے بعد، سری لنکا کے صدر دِسّانائیکے کا اپنے غیرملکی دورے کیلئے بھارت کا انتخاب اِس بات کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے کہ سری لنکا، بھارت کے ساتھ باہمی تعلقات کو کتنی اہمیت دیتا ہے۔ خارجہ سکریٹری نے اِس کا بھی ذکر کیا کہ صدر دِسّانائیکے نے بھارت کی امداد، خاص طور پر 2022-23 میں دیئے گئے چار بلین ڈالر کی امداد پر وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا۔جناب مسری نے یہ بھی کہا کہ دونوں ممالک کئی کنکٹی ویٹی پروجیکٹ پر کام کر رہے ہیں جن میں بین-گرڈ کنکٹی ویٹی کیلئے توانائی کنکٹی ویٹی منصوبے اور دونوں ملکوں کے درمیان ایک ملٹی پروڈکٹ پیٹرولیم پائپ لائن شامل ہیں۔x

**Rev. RS- Constitution**

راجیہ سبھا میں آج بھارت کے آئین کے 75 سال کے شاندار سفر پر ایک خصوصی مباحثہ شروع ہوا۔ بحث کا آغاز کرتے ہوئے وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے ملک میں ایمرجنسی نافذ کرنے پر کانگریس کو نشانہ بنایا اور کہا کہ بغیر کسی وجہ کے ایمرجنسی کے دوران لوک سبھا کی مدت میں توسیع کی گئی اور توسیع شدہ مدت کے دوران پوری اپوزیشن کو جیل میں ڈال دیا گیا۔ محترمہ سیتارمن نے کہا کہ بھارت کی تعمیر کے عہد کا اعادہ کرنے کا یہی وقت ہے، جو اِس مقدس دستاویز کی روح کو سربلند رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے یہ دکھا دیا ہے کہ ملک کا آئین ہمیشہ سے مضبوط ہے اور وقت کی کسوٹی پر کھرا اترا ہے۔

SB - 2100 Nirmala on Constitution

محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ BJP ہمیشہ سے ہی خواتین کی بہبود اور خواتین کے ریزرویشن کے تئیں عہد بستہ رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شاندار اکثریت ہونے کے باوجود اُس وقت کی راجیو گاندھی حکومت خواتین کا ریزرویشن بل نہیں لائی لیکن اُن کی حکومت نے لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کو کوٹہ فراہم کرنے کیلئے ایک قانون کو منظوری دی ہے۔ محترمہ سیتارمن نے کہا کہ BJP حکومت آئین کے تحفظ کے تئیں عہد بستہ ہے۔ محترمہ سیتا رمن نے مختلف سیکٹروں میں نریندر مودی حکومت کی حصولیابیوں کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے یہ بھی الزام عائد کیا کہ کانگریس نے غریبی ہٹاؤ کے اپنے وعدے کو پورا نہیں کیا ہے۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے، ایوان میں اپوزیشن کے رہنما ملک ارجن کھڑگے نے حکومت پر الزام عائد کیا کہ وہ آئین کو کمزور کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کانگریس ہی ہے ، جس نے بالغوں کو ووٹ ڈالنے کے عالمی حقوق دیئے ہیں۔

SB - 2100 - Mallikarjun Kharge

لوک سبھا نے 25-2024 کیلئے ضمنی مطالباتِ زر کے پہلی قسط پر تبادلہ خیال کیا۔ سرکار نے 87 ہزار 762 کروڑ روپئے کے اضافے خرچ کیلئے پارلیمنٹ کی منظوری مانگی ہے۔

## LS - Maternity Leave

مرکز نے آج کہا ہے کہ اُس نے کام کی اُن جگہوں پر، جہاں 50 یا اِس سے زیادہ خواتین ملازمین کام کررہی ہیں، دیگر سہولتوں کے ساتھ ساتھ یا علیحدہ علیحدہ Creche کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔ لوک سبھا میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے، محنت اور روزگار کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کہا کہ کام اور کُنبے کی ذمہ داریوں کے مابین توازن کو فروغ دینے کیلئے مختلف دفعات میں کئی ترامیم کی گئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 1961 کے Maternity Benefit ایکٹ میں ترمیم کے بعد خاتون ملازمین کو 26 ہفتوں کی تنخواہ کے ساتھ چھٹی مل رہی ہے۔

## LS - Employment

محنت اور روزگار کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے بتایا ہے کہ ملک میں کئی برسوں سے روزگار میں اضافے کا رجحان ہے۔ لوک سبھا میں وقفۂ سوالات کے دوران فراہم کی گئی جانکاری میں انہوں نے کہا کہ Worker Population Ratio سے اِس بات کا اشارہ ملتا ہے کہ 15 سے 29 برس کی عمر کے نوجوانوں کے گروپ کے روزگار میں بہتری آئی ہے۔ فراہم کی گئی تفصیلات میں کہا گیا ہے کہ Worker Population Ratio، جو 21-2020 میں بہت ہی کم 36 فیصد تھا، اُس میں 24-2023 میں 41 اعشاریہ سات فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

## LS - Priyanka

کانگریس کی رکنِ پارلیمنٹ پرینکا گاندھی واڈرا نے آج بنگلہ دیش میں ہندو اور عیسائی اقلیتوں کے خلاف ظلم و زیادتی کے معاملے کو اٹھایا۔ لوک سبھا میں وقفۂ صفر کے دوران محترمہ واڈرا نے حکومت سے زور دے کر کہا کہ وہ اس معاملے پر بنگلہ دیش حکومت کے ساتھ بات چیت کرے اور اُن لوگوں کی مدد کرے ، جو تکلیف میں ہیں۔ وِجے دِوس کے موقع پر کانگریس رہنما نے، 1971 کی جنگ کے دوران ملک کیلئے لڑنے والے جانباز فوجیوں کو بھی سلام پیش کیا۔

## BJP Sonia Letters

BJP نے کانگریس کی سینئر لیڈر سونیا گاندھی سے کہا ہے کہ وہ ملک کے پہلے وزیر اعظم جواہر لال نہرو کے خطوط پرائم منسٹر میوزیم اور لائبریری کو لوٹادیں۔ پارٹی نے کہا ہے کہ تاریخی دستاویز ملک کے ہیں۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارٹی ترجمان سمبت پاترا نے اِس معاملے پر پرائم منسٹر میوزیم اور لائبریری کی میٹنگوں کا حوالہ دیا اور کہا کہ میوزیم کے اُس وقت کے ڈائریکٹر کی منظوری کے بعد 51 کارٹون میں بند نہرو کے مراسلے سونیا گاندھی کو دیئے گئے تھے۔ انھوں نے کہا کہ اِن خطوط میں آخری برطانوی وائسرائے کی اہلیہ Edwina ماؤنٹ بیٹن اور اہم رہنما جے پرکاش نارائن اور جگ جیون رام کے ساتھ نہرو کے مراسلے شامل ہیں۔x

## Vijay Diwas

سن 1971 کی جنگ میں پاکستان پر بھارت کی فتح کو یاد کرتے ہوئے، آج وجئے دِوس کے موقع پر ملک اپنے شہیدوں کو یاد کررہا ہے۔ اس جنگ کے خاتمے پر مشرقی پاکستان، بنگلہ دیش کی حیثیت سے ایک علیحدہ ملک بنا تھا۔ صدرِ جمہوریہ، نائب صدرِ جمہوریہ ، وزیر اعظم اور وزیرِ دفاع نے آج 1971 کے جانباز فوجیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ x

## TN Heavy Rain

وسطی جنوبی خلیج بنگال پر ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بن گیا ہے اور اس کے آئندہ دو دنوں کے اندر شدت اختیار کرنے اور تمل ناڈو کے مغرب سے شمال مغربی ساحل کی طرف بڑھنے کا امکان ہے۔بھارت کے محکمہ موسمیات نے کل ساحلی آندھراپردیش اور Yanam کے کچھ مقامات پر ہلکی سے اوسط بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹیں پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ رائل سیما کے کچھ مقامات پر ہلکی سے اوسط بارش اور کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ چھینٹیں پڑ سکتی ہیں۔ رائل سیما میں تروپتی اور جنوبی ساحل آندھراپردیش کے Sri Potti Sriramulu ضلع میں ایک یا دو مقامات پر شدید بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے ہماچل پردیش، جموں و کشمیر ، لداخ ، گلگت ،بلتستان ، مظفر آباد اور مشرقی راجستھان کے زیادہ تر حصوں میں اگلے تین روز کے دوران شدید سے بہت شدید سردی کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، مغربی راجستھان ، مشرقی اور مغربی مدھیہ پردیش میں کل شدید سردی کے حالات رہنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق تمل ناڈو ، ساحلی آندھرا پردیش اور رائل سیما میں اگلے دو سے تین روز کے دوران شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ دلّی NCR میں کل شدید سردی ہونے کا امکان ہے۔ صبح اور رات کے وقت میں دھوئیں اور دھند کے ساتھ ہلکا کہرا چھائے رہنے کا بھی امکان ہے۔

## Srinagar Weather

کشمیر میں رات کے درجۂ حرارت میں مسلسل گراوٹ کے دوران خشک موسم کے حالات ہیں، جو نقطۂ انجماد سے نیچے ہیں۔ سری نگر میں سب سے کم درجۂ حرارت منفی تین اعشاریہ چار ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا ، جبکہ سیاحتی مقام گلمرگ میں رات کے وقت یہ منفی چار ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ ایک اور سیاحتی مقام پہلگام میں رات کے وقت منفی پانچ ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ سری نگر کو لداخ سے جوڑنے والے Zojila علاقے میں بھی منفی 23 ڈگری سیلسیس کے کم درجۂ حرارت کے ساتھ مسلسل شدید سردی کے حالات ہیں۔

سری نگر کے ہمارے نامہ نگار طارق راتھر کی ایک رپورٹ....

SB - Tariq Rather

## NHRC - Notice

انسانی حقوق کے قومی کمیشن (NHRC) نے راجستھان کے چیف سکریٹری اور ڈائریکٹر جنرل آف پولیس کو لاپرواہی برتے جانے کے دو الگ الگ معاملات کی پاداش میں نوٹس جاری کئے ہیں۔ NHRC نے دونوں معاملات میں میڈیا کی خبروں پر ازخود کارروائی کرتے ہوئے، چیف سکریٹری اور ڈائریکٹر جنرل آف پولیس سے دو ہفتے کے اندر تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کو کہا ہے۔ اس رپورٹ میں لاپرواہی کے شکار بچے کی صحت کی صورتحال ، پولیس کارروائی ، قصور واروں کے خلاف کئے گئے اقدامات اور اگر متاثرہ کنبوں کو کوئی معاوضہ دیا گیا ہے تو اس کی تفصیلات بھی شامل ہیں۔ x

## Cricket

بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان Brisbane کے Gaba میں کھیلے جارہے بارڈر گواسکر ٹرافی کے تیسرے ٹسٹ میچ کے تیسرے دن بھارت کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں چار وکٹ کے نقصان پر 51 رَن ہی بنا سکی اور باقی کا میچ بارش کی نظر ہوگیا۔ دورے پر گئی ٹیم پہلی اننگز میں اب بھی 394 رَن سے پیچھے ہے۔ اس سے قبل میزبان آسٹریلیا نے اپنی پہلی اننگز میں 445 رَن بنائے اور اس کے سارے کھلاڑی آؤٹ ہوگئے۔ پانچ روزہ سیریز فی الحال ایک - ایک کی برابری پر ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆